نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیرزراعت پنجاب سید محمد عاشق حسین کرمانی کا زراعت ہاؤس لاہور کا دورہ۔

کھادوں کی اوورچارجنگ اور غیر معیاری کھادوں کے دھندے میں ملوث عناصر کے خلاف زیرو ٹالرینس پالیسی کو یقینی بنایا جائے۔صوبائی وزیرزراعت سید محمد عاشق حسین کرمانی

لاہور 11 مارچ 2024: وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق کاشتکاروں کو مقررہ نرخوں پر کھادوں کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔کھادوں کی اوورچارجنگ اور غیر معیاری کھادوں کے دھندے میں ملوث افراد کے خلاف زیرو ٹالرینس پالیسی پر عملدرآمد کیا جائے اور انہیں قانون کے مطابق فوری کیفرِ کردار تک پہنچایا جائے۔ان خیالات کا اظہار وزیر زراعت پنجاب سید محمد عاشق حسین کرمانی نے زراعت ہاؤس دورہ کے موقع پر کیا۔اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) پنجاب ڈاکٹر اشتیاق حسن نے صوبائی وزیر زراعت پنجاب کو جاری سرگرمیوں سے متعلق بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ موجودہ سال اب تک 294 کھادوں کی اوورچارجنگ جبکہ 109 غیر معیاری زرعی ادویات کے سیمپل رپورٹ ہوئے جس پر اس میں ملوث 208 ڈیلرز کو حوالہ پولیس کیا گیا جبکہ 10 ہزار 7 سو 14 غیر معیاری کھادوں کی تھیلوں کو ضبط کیا گیا۔اس موقع پر صوبائی وزیر زراعت پنجاب نے کہا کہ اس دھندے میں ملوث افراد کو فوری کیفرِ کردار پہنچانے کیلئے گرفتاری کا عمل یقینی بنایا جائے اور اس سلسلے میں ضلعی انتظامیہ کو آن بورڈ لیا جائے۔وزیر زراعت پنجاب سید محمد عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ ڈیلرز کی رجسٹریشن و لائسنس کے اجراء کیلئے نیا قانون متعارف کروایا جا رہا ہے جس کے تحت کاشتکاروں کے مسائل میں واضح کمی واقع ہوگی۔اس موقع پر وزیر زراعت پنجاب نے ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) سے ہر ضلع میں "کپاس کی بحالی" کے مشن کیلئے پلان طلب کرلیا اور کپاس کو زیادہ سے زیادہ رقبہ زیر کاشت لانے اور کسانوں کو فنی راہنمائی فراہم کرنے کی ہدایات کیں۔بعد ازاں ،صوبائی وزیر زراعت پنجاب نے شعبہ مارکیٹنگ کا دورہ کیا اور رمضان المبارک کے سلسلے میں قائم ہونے والی 51 فیئر